خبرنامہ

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

اکتوبر 2021ء

- ایمرجنگ اکانومی ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ
- امریکی قونصل جنرل کا وزٹ
- کل پنجاب ادبی مقابلہ جات
- پینٹنگ مقابلہ جات
- ذہنی صحت کے عالمی دن کے حوالے سے سیمینار
- پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کے لیے صدارتی ایوارڈ

- شعبہ نیوٹریشن کے زیرِ اہتمام مباحثہ کا انعقاد
- عالمی یومِ خوراک کے حوالے سے سیمینار
- عالمی سیرت کانفرنس
- بزنس اینکیوبیشن سنٹر کے حوالے سے کارکردگی رپورٹ
- چھاتی کے سرطان کے عالمی دن کے حوالے سے سیمینار

GCUF Ranked at 201-250

THE WORLD UNIVERSITY RANKINGS 2022 (TIMES HIGHER EDUCATION)

by TIMES HIGHER EDUCATION

Emerging Economies University Ranking

1st RANKED among All Punjab Province Universities

4th RANKED among All Pakistan Universities

Striving for Excellence

Prof. Dr. Shahid Kamal
Patron in Chief
Vice Chancellor

Mr. Zeshan Ahmed Khan
Chief Editor
Public Relation Officer

Mr. Rizwan Ahmad
Editor
Protocol Officer

شعبہ تعلقاتِ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

/gcufits

ٹائمز ہائر ایجوکیشن ایمرجنگ اکانومی یونیورسٹی رینکنگ ، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد ایک بار پھر پنجاب میں پہلے نمبر پر، جبکہ عالمی رینکنگ میں 201 سے 250 بہترین جامعات میں شامل۔

وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی انتھک اور بہترین انتظامی صلاحیتوں کے نتیجہ میں صرف دو سال کے قلیل عرصہ میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نے معیار تعلیم میں بہتری کی بدولت معاشی طور پر ابھرتی ہوئی بہترین جامعات میں شمار ہونے لگی ہے۔ شعبہ جات کی بہترین کارکردگی، ریسرچ پروجیکٹ کی تعداد میں اضافہ، یونیورسٹی میں میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیاں، عارضی ملازمین کی مستقل بنیادوں پر تقرری، طبی سہولیات کی فراہمی سے لے کر یونیورسٹی کے مالی معاملات میں شفافیت لانے کی وجہ سے ایفلیی ایشن ڈیپارٹمنٹ نے پہلے کی نسبت زیادہ مالی استحکام حاصل کیا۔ پنشن فنڈ میں اضافہ، ریسرچ فنڈ میں اضافہ، انڈومنٹ فنڈ کا قیام اور وائس چانسلر کی طرف سے کفایت شعاری پالیسی جیسے عوامل مل کر یونیورسٹی کی بہترین رینکنگ کا سبب بنے۔ حالیہ رینکنگ کی وجہ سے نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی یونیورسٹی کے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ اس قابل فخر اعزاز پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی طرف سے ڈینز، ڈائریکٹر کیو ای سی ڈاکٹر خالد محمود ضیاء، اساتذہ، یونیورسٹی انتظامیہ، اور طلباء کو دلی مبارکباد پیش کی گئی۔

لنکن کارنر پاکستان اور امریکہ کے مابین مضبوط تعلیمی روابط قائم کرنے میں قلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے لنکن کارنرز میں امریکی قونصل جنرل وولیم کے میکنیول اور وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے تعلیمی میدان میں کرونا وباء کے بعد پیش آنے والی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ امریکی قونصل جنرل نے کہا کہ پاکستان میں لنکن کارنر مختلف پروگراموں کے ذریعے پاکستانیوں اور امریکیوں کے مابین بات چیت، باہمی افہام وتفہیم، خوشحالی اور عوام سے عوام کے تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے ایک منظم پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ لنکن کارنر کے پروگرامز اور وسائل یونیورسٹی کے طلباء ، ماہرین تعلیم، صحافی، محققین، اور پاکستانی نوجوانوں کو راغب کرتے ہیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لنکن کارنر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلباء اور اس علاقے کے نوجوانوں کو سیکھنے اور مستقبل کی ترقی کے لیے جدید وسائل اور مواقع مہیا کرتا ہے، اس کے ذریعے یونیورسٹی کے طلباء اب خود کو متنوع مسابقتی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے اہل ہیں۔ وائس چانسلر نے لنکن کارنر کو وسیع پیمانے پر پھیلانے اور فیصل آباد کے نوجوانوں کے لیے مستقبل کے وسیع مواقع پیدا کرنے کا اعادہ بھی کیا۔ انچارج لنکن کارنر فیصل آباد کنزہ عمر خان نے لنکن کارنر کی اب تک کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر وفد کو بریفنگ پیش کی۔ اس موقع پر امریکی قونصل جنرل کے وفد میں پبلک آفیئرز آفیسر بریسی اصہام، پنجاب امریکن سپیسز پروگرام کے مینیجر اورنگزیب جبکہ یونیورسٹی کی طرف سے لنکن کارنر کے ڈائریکٹر اور ایگزیکٹو انچارج پروفیسر ڈاکٹر مظہر حیات، انچارج لنکن کارنر کنزہ عمر خان، ڈاکٹر علی عثمان، اور پبلک ریلیشن آفیسر ذیشان احمد خان بھی موجود تھے۔

کل پنجاب ادبی مقابلہ جات، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد فاتح قرار

حکومت پنجاب کے زیر انتظام عشرہ شان رحمت اللعالمین کی مناسبت سے ادبی اور تقریری مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طالب علم وقار اللہ نے تقریری مقابلہ جات میں دوسری، محمد عبد اللہ رضا نے قراءت میں دوسری پوزیشن جب کہ ردا فاروق نے نعتیہ مقابلہ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ یونیورسٹی آف فیصل آباد کے زیر انتظام تقریری مقابلہ جات میں جناح ڈیبیٹنگ سوسائٹی کی طرف سے سلمہ نبیل شبیر نے تقریری مقابلا میں پہلی پوزیشنز حاصل کی۔ نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد کے زیر انتظام بین الاقوامی قراءت مقابلہ جات میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طالب علم محمد عبد اللہ رضا نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ جس پر وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی طرف سے کیش پرائز سے نوازا گیا۔ ان کامیابیوں پر وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کا طلباء کو خراج تحسین۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ نظامت امورِ طلباء اور قومی احتساب بیورو کے اشتراک سے کردار سازی اور انسداد رشوت ستانی کے موضوع پر پینٹنگ مقابلے کا انعقاد

مثبت سوچ اور یقین محکم پر عمل ہمارے لیے ذہنی مسائل سے بچاؤ کا حل ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ اطلاقی نفسیات نے ورلڈ ہیلتھ ڈے کی مناسبت سے آگہی واک اور پوسٹر مقابلے کا انعقاد کروایا۔ اس سال کا موضوع غیر مساوی دنیا میں ذہنی صحت تھا۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے پیغام میں کہا کہ انسان کے جسم میں دماغ کی اہمیت کو اجاگر کرنے اور اس کی صحت کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے، ہمیں چاہیئے کہ پوری دنیا میں لوگوں کو ذہنی صحت کے حوالے سے شعور اور آگاہی فراہم کریں۔ آگاہی واک میں ڈین فیکلٹی آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود، چیئرپرسن سوشیالوجی ڈیپارٹمنٹ پروفیسر ڈاکٹر زہرہ بتول، نظامت امور طلباء کے ناظم ڈاکٹر ندیم سہیل، چیئرپرسن سائیکالوجی ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رابعہ خاور کے علاوہ اساتذہ اور طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے بینرز، پلے کارڈز اور پوسٹر اٹھا رکھے تھے جس کے اوپر ذہنی صحت کے حوالے سے شعور پیدا کرنے کے لیے خاکے اور تصاویر کے ساتھ ساتھ تحریریں درج تھیں۔ نیز پوسٹر مقابلے میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں تعریفی اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔

وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کو صدارتی ایوارڈ ملنے پر مبارکباد

پرنسپل کالج آف اورینٹل لینگوایجز اور انچارج سیرت چیئر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کو ان کی کتاب علوم السیرۃ پر صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کی طرف سے صدارتی ایوارڈ اور نقد انعام سے نوازا گیا۔ وزارت مذہبی امور کے زیر انتظام قومی مقابلہ سیرت نبی کریم ﷺ میں ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کی کتاب علوم السیرۃ کی ملک بھر میں تیسری پوزیشن، وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ صدارتی ایوارڈ کا ملنا یونیورسٹی اساتذہ کے لیے باعث فخر کی بات ہے۔ فیصل آباد کے ادبی اور مذہبی حلقوں کی طرف سے بھی پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کو مبارکباد پیش کی گئی۔



گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں ستمبر اور اکتوبر کے دوران 25 پی ایچ ڈی اسکالرز کی ڈاکٹریٹ مکمل

ان سکالرز میں منیب علی شعبہ اپلائیڈ لینگوئسٹک، شمائلہ ظفر شعبہ فزیالوجی، زیب النساء شعبہ پولیٹیکل سائنس، نادیہ ممتاز شعبہ اسلامک سٹڈیز، عائشہ شاہد شعبہ بائیوٹیکنالوجی، زاہد ذوالفقار شعبہ سوشیالوجی، شناء اعجاز شعبہ سوشیالوجی، فریحہ فاطمہ شعبہ باٹنی، عمر فاروق شعبہ فارماسوٹکس، زاہد اقبال شعبہ زوالوجی، عامر شہزاد شعبہ ریاضی، محمد احسن شعبہ اسلامک سٹڈیز، محمد اسد شعبہ زوالوجی، مصباح حمید شعبہ فارماسوٹکس، احسن اقبال شعبہ کیمسٹری، فائزہ منظور شعبہ فوڈ اینڈ نیوٹریشن، عائشہ یاسمین شعبہ بائیوکیمسٹری، عفیفہ اسلم شعبہ انوائرمنٹل سائنسز، فریحہ جبین انوائرمنٹل سائنسز، شگفتہ بانو شعبہ ایجوکیشن، شاہین اختر شعبہ فزکس، عالیہ بشیر شعبہ ایجوکیشن، محمد عاطف شعبہ سوشیالوجی، عمر سرور شعبہ کمپیوٹر سائنس اور محمد طارق شعبہ مائیکروبیالوجی نے اپنے پی ایچ ڈی ریسرچ تھیسز کا کامیابی سے دفاع کیا اور کامیاب ٹھہرے۔

کسی بھی ادارے کی ترقی کا انحصار معیاری تعلیم اور جدید ریسرچ پر منحصر ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد انتہائی قلیل عرصہ میں تعلیم اور ریسرچ کے شعبہ میں عالمی سطح پر اپنا منفرد مقام حاصل کرنے میں کامیاب رہی ہے۔ آئے روز پاکستان میں مرغی کے گوشت کی قیمت بڑھنے کی وجہ سے یہ عام عوام کی پہنچ سے دور ہوتا جا رہا ہے، جدید ریسرچ، خوراک اور ادویات کی قیمتوں میں کمی لانے سے ہی چکن اور انڈے کی فروخت کو بڑھایا جا سکتا ہے، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد اس سلسلے میں خاطر خواہ اقدامات اٹھا رہی ہے، انڈسٹری لینکیج کا قیام اس سلسلے کی اہم کڑی ہے جس سے طلباء کو انڈسٹری کے اندر روزگار کے ساتھ ساتھ عملی کام کرنے کا موقع بھی میسر آئے گا۔ ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے جی سی یونیورسٹی فیصل آباد اور ورلڈ پولٹری ایسوسی ایشن وویمن ونگ کے باہمی اشتراک سے منعقدہ ایک سیمپوزیم میں کیا۔ اس موقع پر ورلڈ پولٹری ایسوسی ایشن وویمن ونگ کی صدر ڈاکٹر فریحہ طلحہ نے کہا کہ آئرن اور پروٹین کی کمی کو دور کرنے کے لیے چکن بہت بڑا ذریعہ ہے، پولٹری انڈسٹری کا ملکی معیشت کی بہتری میں اہم کردار ہے، چکن کی افادیت اور اس کے مؤثر استعمال کے حوالے سے ہماری ایسوسی ایشن اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ چوہدری حسین احمد چیئرمین ڈاسان گروپ آف کمپنیز، مختار فیڈز نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان میں پولٹری انڈسٹری کے متعلقہ معیاری خوراک اور ادویات فراہم کرنا ایک بہت بڑا چیلنج تھا۔ ہماری کمپنی امریکہ اور یورپ کی طرز پر پولٹری انڈسٹری کو ادویات اور خوراک مہیا کر رہی ہے جس سے چکن کی افزائش میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ تقریب سے ڈاکٹر طلحہ خالد، افرار بلوچ، ڈاکٹر عابد رشید اور ڈاکٹر مہر النساء چیئرپرسن شعبہ نیوٹریشن سائنس نے بھی خطاب کیا، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے معزز مہمانوں کے ساتھ مل کر جدید ریسرچ کی مختلف لیبارٹریز کا افتتاح بھی کیا۔ تقریب کے آخر میں شرکاء میں اعزازی شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔

خالص اور معیاری خوراک کی فراہمی صحت کے لیے انتہائی ضروری، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جامعات، حکومت، تحقیقی اور مالیاتی اداروں اور سول سوسائٹی کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ عالمی یوم خوراک کے موقع پر شرکاء کا پیغام

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کے شعبہ فوڈ سائنسز کے زیر انتظام عالمی یوم خوراک کے حوالے سے سیمینار منعقد کیا گیا، جس کی صدارت وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی۔ شرکاء میں پروفیسر ڈاکٹر فقیر انجم، پروفیسر ڈاکٹر فرحت جبین، پروفیسر ڈاکٹر نعیم اقبال، ڈاکٹر جاوید اعوان، چوہدری محمد شفیق، حاجی محمد رمضان، ڈاکٹر مہر النساء کے علاوہ اساتذہ، اور طلباء و طالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرے میں خوراک کی سستی اور معیاری فراہمی یقینی بنائی جانی چاہیئے جس سے عام آدمی بھی مستفید ہو سکے۔ ذہنی اور جسمانی صحت کے لیے متوازن غذا نہایت ضروری ہے۔ اس سلسلے میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد دیگر فلاحی اداروں کے ساتھ مل کر نادار اور مستحق گھرانوں میں معیاری خوراک کی بروقت فراہمی یقینی بنا رہی ہے۔ چیئرمین فوڈ سائنس ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر عمیر ارشد باجوہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہماری روزمرہ کی خوراک میں زنک، آئرن، وٹامن کی کمی پائی جاتی ہے جس سے پوری طرح ذہنی اور جسمانی نشو ونما نہیں ہو پاتی، فوڈ سائنسز کا شعبہ اس سلسلے میں معیاری اور متوازن خوراک کی فراہمی پر کام کر رہا ہے۔ جناب فیض رسول نے اپنے پیغام میں کہا کہ سال 2021 کو پوری دنیا میں فوڈ سسٹم کے طور پر منایا جا رہا ہے، غریب ملکوں میں 2 بلین کے قریب لوگ غذائی قلت کا شکار ہیں، غیر معیاری خوراک سے بچوں اور خواتین میں بیماریوں کی شرح بڑھتی جا رہی ہے۔ چوہدری محمد شفیق نے فلور ایسوسی ایشن اور جی سی یونیورسٹی کے تعاون سے معیاری آٹے کی فراہمی پر بات کی۔ ڈین پروفیسر ڈاکٹر فقیر انجم نے اپنے پیغام میں کہا کہ جسمانی بیماریوں کا علاج غذاؤں سے کیا جائے اگر اس سے افادہ نہ ہو تو حیاتیاتی اور نباتاتی ذرائع استعمال کیے جائیں۔ تقریب سے پروفیسر ڈاکٹر فرحت جبین، ڈاکٹر مخدوم کے علاوہ دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ تقریب کے آخر میں شرکاء کو اعزازی شیلڈز سے بھی نوازا گیا۔

اسوہ حسنہ ﷺ پر عمل ہی نجات ہے، انسان کی فلاح اور کامیابی کا دارومدار آپ ﷺ سے وابستگی میں ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال

رحمت اللعالمین سیرت چیئر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد سیرت کے پیغام کو عام کرنے اور علمی و تحقیقی روایات کے لئے قائم کی گئی ہے۔ اسی طرح آج کتب سیرت کی کیلی گرافی کی نمائش بھی مطالعہ سیرت کے فروغ کے لیے ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر شاہد کمال وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد نے انٹرنیشنل سیرت کانفرنس بعنوان دعوت دین کے عصری تقاضے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے رسول اللہ کی دیانت کے تناظر میں مزید کہا کہ آج ہمیں بھی اپنے امور میں مکمل دیانت داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ ڈائریکٹر سیرت چیئر جی سی یونی ورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر ہمایوں عباس نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے اعلان نبوت سے پہلے اپنے کردار سے لوگوں کو متوجہ کیا جو کے بعد از اعلان نہایت سودمند ثابت رہا۔ آج معاشرے کو اسی کردار کی طرف توجہ دینا ہوگی۔ ڈائریکٹر منہاج القران انٹرنیشنل یونیورسٹی صاحبزادہ حسین محی الدین قادری نے دینی اخلاقی قدروں اور علمی میدان میں تربیت کے فقدان کو موضوع سخن بناتے ہوئے داعیان اسلام کو اس کمزوری کو اپنے معاملات سے دور کرنے کا کہا۔ مہمان اعزاز ڈاکٹر عظمت اللہ جی سی یونیورسٹی لاہور نے اسلامی اقدار و فلسفہ کی معنویت پر روشنی ڈالی۔ انچارج فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ ڈاکٹر غلام شمس الرحمٰن نے کہا نبی کریم ﷺ کو شاہد کہا گیا آپ ﷺ کی سیرت کا مشاہدہ ہی ہماری ترقی کا واحد راستہ ہے۔ چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز ڈاکٹر شیر علی نے رسول اللہ ﷺ کے بچپن سے جوانی کا احاطہ کرتے ہوئے حضور ﷺ کی سیرتِ پاک کے حوالے سے گفتگو کی۔ صوبائی وزیر پراسیکیوشن چوہدری ظہیر الدین نے سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے حکومتی اقدامات اور صبر اور شکر کو اپنی زندگی کا حصہ بنانے پر زور دیا۔ نظامت کی ذمہ داری ڈاکٹر عمر حیات انصاری نے سرانجام دی۔

نظری تعلیم اور مقامی صنعت کی کڑیوں کو پیشہ وارانہ کاروباری تعلیم سے متصل کیا جانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے بزنس اینکیوبیشن سنٹر کے ممبران اور عہدیداران سے خصوصی خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کا کہنا تھا کہ محنتی، قابل، اور تحقیقی ذہن پاکستان کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔ جدت کے پیش نظر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا بزنس اینکیوبیشن سنٹر کاروباری نشوونما کے لیے ہر وقت سرگرم عمل ہے۔ جی سی یونیورسٹی کا اینکیوبیشن سنٹر نئی اور ابھرتی ہوئی کمپنیوں کو انتظامی رہنمائی، تکنیکی معاونت ماہرانہ مشاورت فراہم کرے گا۔ ہمارا یقین ہے کہ معاشرتی، معاشی بہتری کے لیے نئے کاروباری افراد کو مستحکم کرنا نہایت ضروری ہے، یہی وجہ ہے کہ یونیورسٹی میں انڈسٹریل لینیکج کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر محسن بشیر مینجر بی آئی سی نے پیش رفت کی رپورٹ پیش کی نیز وائس چانسلر کو جاری کاروباری سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ میڈیکل سائنسز کے زیراہتمام چھاتی کے کینسر کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی۔ وائس چانسلر نے اپنے خطاب میں کہا کہ کینسر جیسے مہلک مرض کا مقابلہ کرنے کے لیے اُس کے بارے میں لوگوں میں شعور اُجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند طرز زندگی کے لیے ہمیں اپنی غذا میں پھلوں اور سبزیوں کے استعمال کے ساتھ ساتھ جسمانی ورزش پر بھی توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے اس موقع پر یونیورسٹی میں جدید طرز پر میڈیکل کمپلیکس بنانے اور ٹیسٹ کے لیے لیبارٹریز کے قیام کا بھی اعلان کیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظفر علی چوہدری تھے۔ اُنہوں نے طالبات کو چھاتی کے سرطان کی علامات، تشخیص اور علاج کے متعلق تفصیل سے معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چھاتی کے سرطان کا علاج ممکن ہے بشرطیکہ اس کی بروقت تشخیص ممکن ہو۔ انہوں نے فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی اور جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے میڈیکل کے شعبہ میں مل کر کام کرنے کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔ شعبہ میڈیکل سائنسز کے ایکٹنگ ڈین پروفیسر ڈاکٹر عابد رشید نے اپنے خطاب میں کہا کہ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا میڈیکل شعبہ چھاتی کے سرطان کے حوالے سے آگاہی واک اور سیمینار کے ساتھ ساتھ عملی طور پر بھی مصروف عمل ہے۔ تقریب سے رجسٹرار فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی ڈاکٹر محمد اکمل، ڈاکٹر عالیہ، پروفیسر ڈاکٹر محمد خالد اور ڈاکٹر رافیہ امتیاز نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں ڈینز، ڈائریکٹرز، اساتذہ اور طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

عشرہ رحمت اللعالمین ﷺ کے سلسلے میں نظامت امورِ طلباء کے زیر انتظام محفل میلاد کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں گرین یوتھ موومنٹ کلب کے تعاون سے World Sustainability Day کے حوالے سے آگاہی واک اور سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ نظامت امورِ طلباء کے زیر انتظام 27 اکتوبر کو کشمیریوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے یوم سیاہ کے طور پر منایا گیا

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ پاکستان سٹڈیز کے زیر اہتمام پاکستان کے عصری مسائل اور جامعات کا کردار کے عنوان پر سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ تاریخ کے زیر اہتمام افغانستان کی صورتحال کے پاکستان کے لیے اثرات کے عنوان سے سیمینار کا انعقاد